سبق - ۱۲

# ابّا آئے



امّی امّی ابّا آئے — ننھّی مُنّی گُڑیا لائے





پیڑے لائے لڈّو لائے — موٹر لائے لٹّو لائے

چُنّو ، مُنّو ، آؤ دیکھو — آؤ آؤ ڈبّا کھولو





اِس میں مُنّی کی چکّی ہے — دِلّی کی کالی بِلّی ہے



اپنی اپنی چیزیں لے لیں — آؤ باہر چَل کر کھیلیں

## * آیئے، پڑھیں:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بچّہ | سچّا | امّی | ابّا | ننھّی | منّی | دِلّی | بُھٹّا |
| گُڈّا | گُڈّی | گُڈّو | لڈّو | کُتّا | بِلّی | ڈبّا | کھٹّا |
| کچّا | پکّا | رسّی | لسّی | لٹّو | ٹٹّو | چکّی | اچھّا |

**اساتذہ کے لیے:**

یہاں **تشدید** کی **آواز** (حرکت) اور **نشان** کا تعارف کرایا گیا ہے۔